ایمان مفصل مجمل شش کلمات طیبات نماز، ادعیہ صالحہ

اور ضروری معلومات پر

لفظی و با محاورہ ترجمہ کے ساتھ مشتمل کتاب مستطاب الموسوم بہ

مکمل نماز لفظ با لفظ ترجمہ کے ساتھ

Full Namaz with Urdu Translation Word By Word

مسنون دعائیں

سوتے وقت پڑھے آیۃ الکرسی ، سورۃ الفلق ، سورۃ النّاس (ایک ایک مرتبہ)

جب بیدار ہو تو پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ (سب تعریفیں اللہ ہی کو سزاوار ہیں جس نے ہمیں نیند سے سُلا کر جگایا اور اسی کی جانب اُٹھ کر جانا ہے۔)

جب کپڑا پہنے تو یہ کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِهٖ وَخَیْرِ مَا هُوَلَهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا هُوَلَهٗ۔ (اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی چاہتا ہوں اور بھلائی اس کی جس کیلئے وہ ہے اور پناہ مانگتا ہوں میں اسکی بُرائی سے اور جس کیلئے ہے اسکی بُرائی ہے)

گھر سے نکلتے وقت یہ کہے بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَیَّ ۔ (میں اللہ کا نام لے کر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کر دیا جاؤں یا زیادتی کروں یا زیادتی مجھ پر برتی جائے یا نادانی کروں یا مجھ سے نادانی برتی جائے۔

جب بیت الخلا میں جانے لگے تو کہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ۔

(اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ناپاک جنّوں اور جنیوں سے ۔)

بیت الخلا سے نکلے تو کہے

غُفْرَانَكَ ۔ (الٰہی میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں)

جب مسجد میں داخل ہونے لگے تو کہے

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ۔ (اے میرے اللہ اپنی رحمت کے دروازے میرے لئے کھول دے)

جب مسجد سے نکلنے لگے تو کہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ (اے اللہ میں تجھ سے تیرا فضل اور رحمت چاہتا ہوں)

جب سواری پر بیٹھے تو کہے سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ٥

(پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے قابو میں کر دیا ہم تو اس کو قابو میں نہیں لا سکتے تھے اور آخر کار ہم تو اپنے رب کے پاس ہی لوٹ کر جائیں گے ۔)

سواری سے اترتے وقت پڑھے رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبَارَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ۔ اے میرے پروردگار مجھے برکت کا اُتارنا اُتار اور تو سب اتارنے والوں سے اچھا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الرَّحِیۡمِ	الرَّحۡمٰنِ	بِسۡمِ اللّٰهِ
نہایت رحم والا	بہت مہربان	اللہ کے نام کے ساتھ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا (ہے)

ایمانِ مفصّل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ

ٖہ	مَلٰٓئِکَةِ	وَ	اللّٰهِ	بِ	اٰمَنْتُ
اُس (کے)	فرشتوں	اور	اللہ	پر/ساتھ	ایمان لایا میں

میں ایمان لایا اللہ پر اور اُس کے فرشتوں پر

وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ

الْقَدْرِ	وَ	الْاٰخِرِ	الْیَوْمِ	وَ	ٖہ	رُسُلِ	وَ	ٖہ	کُتُبِ	وَ
تقدیر	اور	پچھلے	دن	اور	اُس کے	رسولوں	اور	اس کی	کتابوں	اور

اور اُس کی کتابوں پر اور اُس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور

خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ

الْبَعْثِ	وَ	تَعَالٰی	اللّٰهِ	مِنَ	ٖہ	شَرِّ	وَ	ٖہ	خَیْرِ
جی اُٹھنے	اور	(کہ) وہ بلند ہے	اللہ	سے	اُس کا	بُرا ہونا	اور	اس کا	بھلا ہونا

اچھی بُری تقدیر پر کہ وہ اللہ تعالٰے کی طرف سے ہے اور مرنے کے بعد

بَعْدَ الْمَوْتِ

بَعْدَ	الْمَوْتِ
پیچھے	مرنے

جی اٹھنے پر

ایمان مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ

اٰمَنْتُ	بِ	اللّٰهِ	كَمَا	هُوَ	بِ	اَسْمَآءِ	هٖ
ایمان لایا میں	پر/ساتھ	اللہ	جیسا کہ	وہ (ہے)	ساتھ	ناموں	اپنے

میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں

وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌ

وَ	صِفَاتِ	هٖ	وَ	قَبِلْتُ	جَمِيْعَ	اَحْكَامِ	هٖ	اِقْرَارٌ
اور	صفتوں	اپنی	اور	قبول کیا میں نے	تمام	حکموں (کو)	اُس (کے)	اقرار (ہے)

اور اپنی صفات کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام احکام

بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ

بِ	اللِّسَانِ	وَ	تَصْدِيْقٌ	بِ	الْقَلْبِ
ساتھ	زبان	اور	سچا جاننا/تصدیق	ساتھ	دل (کے)

کو قبول کیا زبان کے ساتھ اقرار اور دل کے ساتھ تصدیق کرتے ہوئے

اوّل کلمہ طیّب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰہِ
نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ	محمّد	رسول (ہیں)	اللہ (کے)

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

دوسرا کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ

اَشْهَدُ	اَنْ	لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	اللّٰہُ	وَحْدَ	ہٗ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ	اکیلا (ہے)	وہ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے

لَا شَرِيْكَ لَہٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

لَا	شَرِيْكَ	لَ	ہٗ	وَ	اَشْهَدُ	اَنَّ	مُحَمَّدًا	عَبْدُ	ہٗ	وَ	رَسُوْلُ	ہٗ
نہیں (کوئی)	شریک	کا	اُس	اور	میں گواہی دیتا ہوں	بیشک	محمد صلی اللہ علیہ وسلم	بندے	اس (کے)	اور	رسول (ہیں)	اس (کے)

اُس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسکے بندے اور رسول ہیں

تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ

سُبْحَانَ	اللّٰہِ	وَ	الْحَمْدُ	لِ	اللّٰہِ	وَ	لَآ
پاک ہے	اللہ	اور	سب تعریفیں	کیلئے (ہیں)	اللہ	اور	نہیں (کوئی)

اللہ تعالےٰ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور

إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا

إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ	وَ	اللّٰهُ	أَكْبَرُ	وَ	لَا	حَوْلَ	وَ	لَا	قُوَّةَ	إِلَّا
معبود	مگر	اللہ	اور	اللہ	بہت بڑا ہے	اور	نہیں (کوئی)	پھرنے (کی طاقت)	اور	نہ (کوئی)	قوت	مگر

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے اور نہیں

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

بِ	اللّٰهِ	الْعَلِيِّ	الْعَظِيْمِ
ساتھ	اللہ	جو بہت بلند	بڑی عظمت والا (ہے)

کوئی برائی سے بچنے کی طاقت اور نہ نیکی کرنے کی قوت مگر اللہ کی طرف سے جو بہت بلند بڑی عظمت والا ہے

چوتھا کلمہ توحید

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

لَآ	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ	وَحْدَ	هٗ	لَا	شَرِيْكَ
نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ	اکیلا ہے	وہ	نہیں (کوئی)	شریک

اللہ تعالٰے کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک

لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ

لَ	هٗ	لَ	هُ	الْمُلْكُ	وَ	لَ	هُ	الْ	حَمْدُ	يُحْيِ	وَ	يُمِيْتُ
کا	اُس	کی	اُسی	بادشاہی (ہے)	اور	کیلئے (ہی)	اسی	تمام	تعریف	وہ زندہ کرتا ہے	اور	وہ مارتا ہے

نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تمام تعریف ہے وہی زندہ کرتا اور مارتا

وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ

وَ	هُوَ	حَيٌّ	لَا	يَمُوْتُ	اَبَدًا	اَبَدًا	ذُو	الْجَلَالِ
اور	وہ	زندہ ہے	نہیں	مرے گا وہ	ہمیشہ	ہمیشہ	والا (ہے)	بزرگی

اور وہ زندہ ہے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اُسے موت نہیں آئے گی وہ بزرگی

وَالْاِكْرَامِ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

وَ	الْاِكْرَامِ	بِ	يَدِ	هِ	الْخَيْرُ	وَ	هُوَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
اور	عطا	میں	دستِ رحمت	اس (کے)	بھلائی (ہے)	اور	وہ	پر	ہر	چاہت	قادر ہے

اور عطا والا ہے اُس کے دستِ رحمت میں بھلائی ہے اور وہ ہر چاہت پر قادر ہے

پانچواں کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ

اَسْتَغْفِرُ	اللّٰهَ	رَبِّ	يْ	مِنْ	كُلِّ	ذَنْبٍ
معافی مانگتا ہوں میں	اللہ (سے)	مالک ہے (جو)	میرا	سے	ہر	گناہ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا مالک ہے ہر گناہ سے جو

اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً

اَذْنَبْتُ	هٗ	عَمَدًا	اَوْ	خَطَاً	سِرًّا	اَوْ	عَلَانِيَةً
گناہ کیا میں نے	جو	جان بوجھ کر	یا	بھول کر	چھپ کر	یا	کھلم کھلا

میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر چھپ کر کیا یا کھلم کھلا اور

وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ

وَ	اَتُوْبُ	اِلَیْ	هِ	مِنَ	الذَّنْبِ	الَّذِیْ	اَعْلَمُ
اور	میں رجوع کرتا ہوں	طرف	اس (کی)	سے	گناہ	جسے	جانتا ہوں میں

میں اسی کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اس گناہ سے جسے میں جانتا ہوں

وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ

وَ	مِنَ	الذَّنْبِ	الَّذِیْ	لَآ	اَعْلَمُ	اِنَّ	كَ	اَنْتَ
اور	سے	گناہ	(وہ) جسے	نہیں	جانتا ہوں میں	بیشک	تو	تو ہی

اور اس گناہ سے جسے میں نہیں جانتا بے شک تو ہی غیبوں کا جاننے

عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ

عَلَّامُ	الْغُیُوْبِ	وَ	سَتَّارُ	الْعُیُوْبِ	وَ	غَفَّارُ
بہت جاننے والا ہے	چھپے ہوئے امور کا	اور	بہت چھپانے والا ہے	عیبوں (کا)	اور	بہت بخشنے والا ہے

والا اور عیبوں پر پردہ ڈالنے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے

الذُّنُوْبِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

الذُّنُوْبِ	وَ	لَا	حَوْلَ	وَ	لَا	قُوَّةَ	اِلَّا	بِ	اللّٰهِ	الْعَلِیِّ	الْعَظِیْمِ
گناہوں (کا)	اور	نہیں (کوئی)	پھرنے کی طاقت	اور	نہیں (کوئی)	قوت	مگر	ساتھ	اللہ	جو بہت بلند	بڑی عظمت والا (ہے)

اور نہیں کوئی برائی سے بچنے کی طاقت اور نہ نیکی کرنے کی قوت مگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو بہت بلند بڑی عظمت والا ہے

چھٹا کلمہ رد کفر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ

اَللّٰهُمَّ	اِنَّ	یْ	اَعُوْذُ	بِ	كَ	مِنْ	اَنْ
اے اللہ	بیشک	میں	پناہ مانگتا ہوں	ـ	تیری	سے	(اس) کہ

اے اللہ بیشک میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ

اُشْرِكَ بِكَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ

اُشْرِكَ	بِ	كَ	شَیْئًا	وَّ	اَنَا	اَعْلَمُ	بِ	هٖ	وَ
شریک بناؤں میں	ساتھ	تیرے	کسی چیز (کو)	اور	میں	جانتا ہوں	کو	اس	اور

میں کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں اور مجھے اس کا علم ہو اور میں معافی

اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ

اَسْتَغْفِرُ	كَ	لِ	مَا	لَآ	اَعْلَمُ	بِ	هٖ	تُبْتُ	عَنْ	هُ
معافی مانگتا ہوں میں	تجھ (سے)	کی	اس	نہیں	جانتا میں	کو	جس	توبہ کی میں نے	سے	اس

مانگتا ہوں تجھ سے اس کی جسے میں نہیں جانتا میں نے اس سے

وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ

وَ	تَبَرَّأْتُ	مِنَ	الْكُفْرِ	وَ	الشِّرْكِ	وَ	الْكِذْبِ
اور	بیزار ہوا میں	سے	کفر	اور	شرک	اور	جھوٹ

توبہ کی اور بیزار ہوا میں کفر سے اور شرک اور جھوٹ اور

وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ

وَ	الْغِيْبَةِ	وَ	الْبِدْعَةِ	وَ	النَّمِيْمَةِ	وَ	الْفَوَاحِشِ
اور	غیبت	اور	بدعت	اور	چغلی	اور	بے حیائیوں

غیبت اور بدعت اور چغلی اور بے حیائی کے کاموں اور تہمت لگانے

وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَ

وَ	الْبُهْتَانِ	وَ	الْمَعَاصِیْ	کُلِّهَا	وَ	اَسْلَمْتُ	وَ
اور	تہمت لگانے	اور	گناہوں	تمام	اور	میں اسلام لایا	اور

اور تمام گناہوں سے اور میں اسلام لایا اور میں

اَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

اَقُوْلُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰهِ
میں کہتا ہوں	نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ	محمد صلی اللہ علیہ وسلم	رسول (ہیں)	اللہ (کے)

کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

حدیث مبارک:- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا بتاؤ اگر کسی شخص کے دروازہ پر ایک نہر جاری ہو جس میں وہ پانچ مرتبہ روزانہ غسل کرتا ہو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہے گا؟ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ کچھ باقی نہیں رہے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہی حال پانچوں نمازوں کا ہے کہ اللہ عزوجل ان کی وجہ سے گناہوں کو زائل کر دیتے ہیں۔

(رواہ بخاری، ابن ماجہ، مسلم)

بیت الخلاء جانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ

اَللّٰهُمَّ	اِنَّ	نِیْ	اَعُوْذُ	بِ	كَ	مِنَ
اے اللہ	بیشک	میں	پناہ مانگتا ہوں	-	تیری	سے

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں پلیدی اور

اَلْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

اَلْخُبُثِ	وَ	الْخَبَآئِثِ
پلیدی	اور	شیاطین

شیطان جنّوں سے

بیت الخلاء سے نکل کر پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ

اَلْ	حَمْدُ	لِ	اللّٰهِ	الَّذِیْ	اَذْهَبَ
سب	تعریف	کیلئے	اللہ	وہ	جس نے دور کردی

سب تعریف اللہ کے لیے وہ ذات جس

عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

عَنّ	ی	الْاَذٰی	وَ	عَافَا	نِیْ
سے	مجھ	تکلیف (دہ چیز)	اور	آرام بخشا اس نے	مجھے

نے دور کردی مجھ سے تکلیف دہ چیز اور مجھے آرام بخشا

بوقتِ وضو ثواب کی نیت کریں۔ بسم اللہ پڑھیں اور درج ذیل دعائیں پڑھیں۔

ہاتھ دھوتے وقت

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

بِسْمِ اللّٰهِ	اَلْعَظِيْمِ	وَ	اَلْ	حَمْدُ	لِ	اللّٰهِ
اللہ کے نام سے شروع	جو بڑی عظمت والا ہے	اور	سب	تعریف	کیلئے	اللہ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑی عظمت والا ہے اور سب تعریف اللہ کیلئے

عَلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ

عَلٰى	دِيْنِ	الْاِسْلَامِ	اَلْاِسْلَامُ	حَقٌّ	وَ	الْكُفْرُ	بَاطِلٌ
پر	دین	اسلام	اسلام	حق ہے	اور	کفر	باطل

دینِ اسلام نصیب فرمانے پر اسلام برحق ہے اور کفر جھوٹ و بے اصل ہے

کلی کرتے وقت

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ

اَللّٰهُمَّ	اَعِنّ	ىْ	عَلٰى	تِلَاوَةِ	الْقُرْاٰنِ
اے اللہ	تو مدد فرما	میری	پر	تلاوت	قرآن

اے اللہ تو میری مدد فرما قرآن کی تلاوت، اپنا ذکر و شکر

وَذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

وَ	ذِكْرِ	كَ	وَ	شُكْرِ	كَ	وَ	حُسْنِ	عِبَادَتِ	كَ
اور	ذکر	اپنے	اور	شکر	اپنے	اور	اچھی	عبادت	اپنی

اور اچھی عبادت کرنے پر

ناک میں پانی ڈالتے وقت

اَللّٰھُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ

الْجَنَّۃِ	رَائِحَۃَ	نِیْ	اَرِحْ	اَللّٰھُمَّ
جنت (کی)	خوشبو	مجھے	سونگھا تو	اے اللہ

اے اللہ تو مجھے جنت کی خوشبو سونگھا

وَلَا تُرِحْنِیْ رَائِحَۃَ النَّارِ ط

النَّارِ	رَائِحَۃَ	نِیْ	تُرِحْ	لَا	وَ
نارِ جہنم (کی)	بُو	مجھے	سونگھا تو	نہ	اور

اور نہ سونگھا مجھے نارِ دوزخ کی بُو

چہرہ دھوتے وقت

اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ

تَبْیَضُّ	یَوْمَ	یْ	وَجْھِ	بَیِّضْ	اَللّٰھُمَّ
روشن سفید ہونگے	(جس) دن	میرا	چہرہ	روشن کر تو	اے اللہ

اے اللہ روشن کر میرا چہرہ جس دن کئی

وُجُوْہٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْہٌ ط

وُجُوْہٌ	تَسْوَدُّ	وَ	وُجُوْہٌ
کئی چہرے	سیاہ ہونگے	اور	کئی چہرے

چہرے سفید ہونگے اور کئی چہرے سیاہ ہونگے

داہنا ہاتھ دھوتے وقت	اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ

اَللّٰھُمَّ	اَعْطِ	نِیْ	کِتَابِ	یْ	بِ	یَمِیْنِ	یْ
اے اللہ	دے تو	مجھے	کتاب	میری	میں	دائیں ہاتھ	میرے

اے اللہ میرا نامۂ اعمال میرے دائیں ہاتھ میں دے

وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا ؕ

وَ	حَاسِبْ	نِیْ	حِسَابًا	یَّسِیْرًا
اور	حساب کر تو	میرا	حساب	آسان

اور میرا حساب آسان فرمانا

بایاں ہاتھ دھوتے وقت	اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ

اَللّٰھُمَّ	لَا	تُعْطِ	نِیْ	کِتَابِ	یْ	بِ	شِمَالِ	یْ
اے اللہ	نہ	دے تو	مجھے	کتاب	میری	میں	بائیں ہاتھ	میرے

اے اللہ میرا نامۂ اعمال مجھے نہ بائیں

وَلَا مِنْ وَّرَاءِ ظَھْرِیْ ؕ

وَ	لَا	مِنْ	وَّرَاءِ	ظَھْرِ	یْ
اور	نہ	سے	پیچھے	پیٹھ	میری

ہاتھ میں دینا اور نہ پشت کے پیچھے

سر کا مسح کرتے وقت

اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِكَ

اَللّٰهُمَّ	اَظِلَّ	نِیْ	تَحْتَ	عَرْشِ	كَ
اے اللہ	سایہ دے تو	مجھے	نیچے	عرش	اپنے

اے اللہ تو مجھے اپنے عرش کے نیچے

یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّاظِلُّ عَرْشِكَ

یَوْمَ	لَا	ظِلَّ	اِلَّا	ظِلُّ	عَرْشِ	كَ
(جس) دن	(نہ ہوگا کوئی)	سایہ	مگر	سایہ	عرش (کا)	تیرے

سایہ عطا فرما جس دن تیرے عرش کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا

کانوں کا مسح کرتے وقت

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ

اَللّٰهُمَّ	اجْعَلْ	نِیْ	مِنَ	الَّذِیْنَ
اے اللہ	کر تو	مجھے	سے	اُن لوگوں

اے اللہ تو مجھے کر دے اُن لوگوں سے جو

یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ

یَسْتَمِعُوْنَ	الْقَوْلَ	فَ	یَتَّبِعُوْنَ	اَحْسَنَ	هٗ
جو سنتے ہیں	بات	تو	پیروی کرتے ہیں وہ	بہت اچھی (کی)	اُس (کی)

بات سنتے ہیں اور پیروی کرتے ہیں اُس کی جو اچھی ہوتی ہے

گردن کا مسح کرتے وقت	اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ ؕ				
	اَللّٰهُمَّ	اَعْتِقْ	رَقَبَةِ	یْ	مِنَ	النَّارِ
	اے اللہ	آزاد کردے تو	گردن	میری	سے	آگ

اے اللہ میری گردن کو تو آگ سے جدا و آزاد کردے

داہنا پاؤں دھوتے وقت	اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلَى الصِّرَاطِ				
	اَللّٰهُمَّ	ثَبِّتْ	قَدَمِ	یْ	عَلَى	الصِّرَاطِ
	اے اللہ	ثابت رکھ تو	پاؤں	میرا	پر	صراط

اے اللہ تو میرے پاؤں پل صراط پر ثابت رکھ

يَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ ؕ

يَوْمَ	تَزِلُّ	الْاَقْدَامُ
جس دن	پھسلیں گے	پاؤں

جس دن پھسلیں گے

بایاں پاؤں دھوتے وقت	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا				
	اَللّٰهُمَّ	اجْعَلْ	ذَنْبَ	یْ	مَغْفُوْرًا
	اے اللہ	کردے تو	گناہ	میرا	بخشا ہوا

اے اللہ کر تو میرے گناہوں کو بخشا ہوا اور میری کوشش

وَسَعْيٍ مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَتِي لَنْ تَبُوْرَ

وَ	سَعْيِ	مَشْكُوْرًا	وَ	تِجَارَتِ	يْ	لَنْ	تَبُوْرَ
اور	کوشش میری	قدر کی ہوئی بدلہ دی	اور	تجارت	میری	ہرگز نہ	ہلاک ہو

قدر کی ہوئی اور میری تجارت ہلاک نہ ہو

وضو کے بعد کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ

اَللّٰهُمَّ	اجْعَلْ	نِيْ	مِنَ	التَّوَّابِيْنَ
اے اللہ	کرتو	مجھے	سے	توبہ کرنے والوں

اے اللہ تو مجھے توبہ کرنے والوں میں سے

وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ

وَ	اجْعَلْ	نِيْ	مِنَ	الْمُتَطَهِّرِيْنَ	وَ	اجْعَلْ	نِيْ
اور	کرتو	مجھے	سے	پاکیزہ لوگوں	اور	کرتو	مجھے

کردے اور کرتو مجھے پاکیزہ لوگوں میں سے اور مجھے اپنے

مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ الَّذِيْنَ لَاخَوْفٌ

مِنْ	عِبَادِ	كَ	الصّٰلِحِيْنَ	الَّذِيْنَ	لَا	خَوْفٌ
سے	بندوں	اپنے	نیکوکار	وہ لوگ	نہیں (کوئی)	ڈر

نیکوکار بندوں میں سے کردے وہ لوگ کہ جن پر

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ؕ

عَلٰی	هِمْ	وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
پر	اُن	اور	نہ	وہ	غمگین ہوں گے

نہ کوئی خوف اور نہ وہ غمگین ہوں گے

اذان

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ

اَللّٰہُ	اَکْبَرُ	اَللّٰہُ	اَکْبَرُ	اَللّٰہُ	اَکْبَرُ	اَللّٰہُ
اللہ	بہت بڑا ہے	اللہ	بہت بڑا ہے	اللہ	بہت بڑا ہے	اللہ

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت

اَکْبَرُ ؕ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ ؕ اَشْهَدُ

اَکْبَرُ	اَشْهَدُ	اَنْ	لَّآ	اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰہُ	اَشْهَدُ
بہت بڑا ہے	میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ	میں گواہی دیتا ہوں

بڑا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ ؕ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

اَنْ	لَّآ	اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰہُ	اَشْهَدُ	اَنَّ	مُحَمَّدًا
کہ	نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ	میں گواہی دیتا ہوں	بیشک	محمد

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں میں گواہی دیتا ہوں

رَسُوْلُ اللّٰہِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ

رَسُوْلُ	اللّٰہِ	اَشْهَدُ	اَنَّ	مُحَمَّدًا	رَّسُوْلُ
رسول (ہیں)	اللہ (کے)	میں گواہی دیتا ہوں	بیشک	محمد	رسول (ہیں)

کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ کے رسول ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت

اللّٰہِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

اللّٰہِ	حَیَّ	عَلَی	الصَّلٰوۃِ	حَیَّ	عَلَی	الصَّلٰوۃِ
اللہ (کے)	آئیے	پڑھ (نے کے لیے)	نماز	آئیے	پڑھ (نے کے لیے)	نماز

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں نماز پڑھنے کے لیے آؤ نماز پڑھنے کے

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اَللّٰہُ

حَیَّ	عَلَی	الْفَلَاحِ	حَیَّ	عَلَی	الْفَلَاحِ	اَللّٰہُ
آئیے	پر (کے لیے)	کامیابی	آئیے	پر (کے لیے)	کامیابی	اللہ

لیے آؤ نجات پانے کے لیے آؤ نجات پانے کے لیے آؤ اللہ

اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اَکْبَرُ	اَللّٰہُ	اَکْبَرُ	لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	اللّٰہُ
بہت بڑا ہے	اللہ	بہت بڑا ہے	نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ

بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

فجر کی اذان میں حی علی الفلاح کے بعد یہ اضافہ کریں

اَلصَّلٰوۃُ خَیۡرٌ مِّنَ النَّوۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ	خَیۡرٌ	مِّنَ	النَّوۡمِ
نماز	بہتر ہے	سے	نیند

نماز نیند سے بہتر ہے نماز

اَلصَّلٰوۃُ خَیۡرٌ مِّنَ النَّوۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ	خَیۡرٌ	مِّنَ	النَّوۡمِ
نماز	بہتر ہے	سے	نیند

نیند سے بہتر ہے

نماز کی تکبیر میں حی علی الفلاح کے بعد دو مرتبہ یہ کہیں

قَدۡ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ قَدۡ

قَدۡ	قَامَتِ	الصَّلٰوۃُ	قَدۡ
تحقیق	کھڑی ہوگئی	نماز	تحقیق

تحقیق نماز (کی جماعت) کھڑی ہوگئی تحقیق نماز (کی

قَامَتِ الصَّلٰوۃُ

قَامَتِ	الصَّلٰوۃُ
کھڑی ہوگئی	نماز

جماعت) کھڑی ہوگئی

اذان کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ

اَللّٰهُمَّ	رَبَّ	هٰذِهِ	الدَّعْوَةِ
اے اللہ	(اے) مالک	اس	بلاوے (کے)

اے اللہ اے پروردگار! اس کامل پوری دعا

التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَانِ

التَّامَّةِ	وَ	الصَّلٰوةِ	الْقَائِمَةِ	اٰتِ	مُحَمَّدَانِ
پورے	اور	نماز	قائم ہونے والی (کے)	عطا فرما تو	محمد صلی اللہ علیہ وسلم (کو)

اور قائم ہونے والی نماز کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ

الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ

الْوَسِيْلَةَ	وَ	الْفَضِيْلَةَ	وَ	الدَّرَجَةَ	الرَّفِيْعَةَ
وسیلہ	اور	فضیلت	اور	درجہ	بلند

فضیلت اور بلند درجہ عطا فرما اور ان کو

وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ

وَ ابْعَثْ	هُ	مَقَامًا	مَّحْمُوْدَانِ	الَّذِىْ	وَعَدْتَّ	هٗ
اور (کھڑا کر) اٹھا تو	انہیں	مقام	محمود (میں)	جس (کا)	وعدہ فرمایا تُو نے	(سے) اُن

مقامِ محمود میں کھڑا کر کر جس کا تُو نے اُن سے وعدہ کیا

وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا

وَ	ارْزُقْ	نَا	شَفَاعَتَ	هٗ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	اِنَّ	كَ	لَا
اور	نصیب فرما تو	ہمیں	شفاعت	(ان کی)	روز	قیامت	بیشک	تو	نہیں

اور ہم کو قیامت کے دن ان کی شفاعت سے بہرہ مند کر

تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

تُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ	بِ	رَحْمَتِ	كَ	يَا	اَرْحَمَ
خلاف کرتا	وعدہ (کے)	ساتھ بسبب	رحمت	اپنی	اے	بہت رحم کرنے والے

بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ہم پر اپنی رحمت فرما اے

الرّٰحِمِيْنَ ۭ

الرّٰحِمِيْنَ
رحم کرنے والوں سے
سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

نماز پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو قبلہ رو دونوں پاؤں کے بیچوں میں صرف چار انگل کا فاصلہ کر کے کھڑا ہو اور دونوں ہاتھ کانوں تک لے جائے کہ انگوٹھے کان کی لو سے چھو جائیں اور انگلیاں نہ ملی ہوئی ہوں نہ خوب کھلی ہوں بلکہ اپنی حالت پر ہوں اور ہتھیلیاں قبلہ کو ہوں۔ نیت کر کے اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے باندھ لے دایاں ہاتھ اوپر بایاں نیچے داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی اور انگوٹھے سے بائیں ہاتھ کی گٹی کو مضبوط پکڑ رکھے اور تین انگلیاں بائیں ہاتھ کی کلائی کی پشت پر سیدھے چھوڑ دے یعنی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر ہو نہ آگے نہ پیچھے۔ پھر ثنا پڑھے۔

ثناء سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَ

سُبْحَانَ	كَ	اللّٰهُمَّ	وَ بِ	حَمْدِ	كَ	وَ
پاک ہے	تو	اے اللہ	اور ساتھ	تعریف	تیری	اور

پاک ہے تو اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں تیرا

تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ

تَبَارَكَ	اسْمُ	كَ	وَ تَعَالٰى	جَدُّ	كَ	وَلَآ	اِلٰهَ
برکت والا ہے	نام	تیرا	اور بلند ہے	بزرگی	تیری	اور نہیں کوئی	معبود

نام برکت والا ہے اور تیری شان بہت بلند ہے اور تیرے سوا

غَيْرُكَ

غَيْرُ	كَ
سوا	تیرے

کوئی معبود نہیں

تعوذ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

اَعُوْذُ	بِ	اللّٰهِ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ	الرَّجِيْمِ
میں پناہ مانگتا ہوں	کی	اللہ	سے	شیطان	مردود

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
اللہ کے نام کے ساتھ	بہت مہربان	نہایت رحم والا

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا (ہے)

سورۃ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اَلْ	حَمْدُ	لِ	اللّٰهِ	رَبِّ	الْ	عٰلَمِیْنَ
سب	خوبیاں تعریفیں	(وا)سطے	اللہ (کے)	پالنے والا	تمام	جہانوں (کا)

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ

الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ	مٰلِكِ	یَوْمِ	الدِّیْنِ	اِیَّا	كَ
بہت مہربان	نہایت رحم والا	مالک	دن	بدلے (کا)	صرف	تیری

بہت مہربان رحمت والا روزِ جزا کا مالک ہم تجھی کو

نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

نَعْبُدُ	وَ	اِیَّا	كَ	نَسْتَعِیْنُ	اِهْدِ	نَا	الصِّرَاطَ
ہم عبادت کرتے ہیں	اور	صرف	تیری	ہم مدد چاہتے ہیں	دکھا چلا	ہمیں	راستہ

پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں ہم کو سیدھا راستہ

الْمُسْتَقِيمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

الْمُسْتَقِيمَ	صِرَاطَ	الَّذِينَ	أَنْعَمْ	تَ	عَلَىٰ	هِمْ
سیدھا	راستہ	اُن لوگوں (کا)	انعام کیا	تُونے	اوپر	اُن (کے)

چلا راستہ اُن کا جن پر تو نے احسان کیا

غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۝ آمین

غَيْرِ	الْمَغْضُوبِ	عَلَىٰ	هِمْ	وَ	لَا	الضَّالِّينَ	آمِين
نہ	اُن کا (کہ) غضب کیا گیا	اوپر	اُن (کے)	اور	نہ	گمراہوں (کا)	الٰہی قبول فرما

نہ اُن کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہُوؤں کا الٰہی قبول فرما

سورۃ اخلاص

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۝ اللَّهُ الصَّمَدُ ۝ ج

قُلْ	هُوَ	اللَّهُ	أَحَدٌ	اللَّهُ	الصَّمَدُ
فرمادیجئے	وہ	اللہ	ایک	اللہ	بے نیاز

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے اللہ بے نیاز

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُولَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۝

لَمْ	يَلِدْ	وَ	لَمْ	يُولَدْ	وَ	لَمْ	يَكُنْ	لَ	هٗ	كُفُوًا	أَحَدٌ
نہ	جنا اُس نے	اور	نہ	جنا گیا وہ	اور	نہ	ہے	واسطے	اس (کے)	ہمسر	کوئی

ہے نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی

اَللّٰہُ اَکْبَرُ — تسبیح رکوع — سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ

اَللّٰہُ	اَکْبَرُ	سُبْحَانَ	رَبِّ	ی	الْعَظِیْمِ
اللہ	بہت بڑا ہے	پاک ہے	پروردگار	میرا	بڑی عظمت والا

اللہ بہت بڑا ہے — پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا

تسمیع — سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

سَمِعَ	اللّٰہُ	لِ	مَنْ	حَمِدَ	ہٗ
سن لی	اللہ (نے)	کی	اُس	تعریف کی جس نے	اس (کی)

اللہ نے اس کی سن لی جس نے اس کی تعریف کی

تحمید — رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

رَبَّ	نَا	لَ	كَ	الْحَمْدُ	اَللّٰہُ	اَکْبَرُ
(اے) پروردگار	ہمارے	لیے (ہے)	تیرے	سب تعریف	اللہ	بہت بڑا ہے

اے ہمارے پروردگار سب تعریف تیرے ہی لیے ہے — اللہ بہت بڑا ہے

سجدہ کی تسبیح — سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی اَللّٰہُ اَکْبَرُ

سُبْحَانَ	رَبِّ	ی	الْاَعْلٰی	اَللّٰہُ	اَکْبَرُ
پاک ہے	پروردگار	میرا	بہت بلند	اللہ	بہت بڑا ہے

پاک ہے میرا پروردگار بہت بلند — اللہ بہت بڑا ہے

تشہد

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ

اَلتَّحِیَّاتُ	لِ	اللّٰہِ	وَ	الصَّلَوٰتُ	وَ	الطَّیِّبَاتُ
تمام زبانی عبادتیں	(ہیں) کیلئے	اللہ	اور	تمام فعلی عبادتیں	اور	تمام مالی عبادتیں

تمام بدنی و مالی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں اور پاکیزگیاں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ

اَلسَّلَامُ	عَلٰی	کَ	اَیُّھَا	النَّبِیُّ	وَ	رَحْمَۃُ	اللّٰہِ	وَ
سلام (ہو)	پر	آپ	اے	غیب کی خبر دینے والے	اور	رحمت	اللہ (کی)	اور

سلام آپ پر اے نبی صلی اللہ علیک وسلم اور اللہ کی رحمتیں و

بَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ

بَرَکَاتُ	ہٗ	اَلسَّلَامُ	عَلٰی	نَا	وَ	عَلٰی	عِبَادِ	اللّٰہِ
برکتیں	اس (کی)	سلام (ہو)	پر	ہم	اور	پر	بندوں	اللہ (کے)

برکتیں نازل ہوں سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں

الصّٰلِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

الصّٰلِحِیْنَ	اَشْھَدُ	اَنْ	لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	اللّٰہُ
نیک	میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ

پر میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

کا	رَسُوْلُ	وَ	ہٗ	عَبْدُ	مُحَمَّدًا	اَنَّ	اَشْهَدُ	وَ
اُس (کے)	رسول (ہیں)	اور	اُن (کے)	بندے (ہیں)	محمد	بیشک	میں گواہی دیتا ہوں	اور

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور رسول ہیں

درود شریف اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

وَّ	مُحَمَّدٍ	عَلٰی	صَلِّ	اَللّٰهُمَّ
اور	محمد	پر	رحمت نازل فرما	اے اللہ

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ

اِبْرَاهِيْمَ	عَلٰی	صَلَّيْتَ	كَمَا	مُحَمَّدٍ	اٰلِ	عَلٰی
ابراہیم	پر	رحمت نازل فرمائی تو نے	جیسے کہ	محمد (کی)	آل	پر

اور آپ کی آل پر جیسا کہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

مَّجِيْدٌ	حَمِيْدٌ	كَ	اِنَّ	اِبْرَاهِيْمَ	اٰلِ	عَلٰی	وَ
بزرگی والا ہے	تعریف کیا گیا	تو	بیشک	ابراہیم (کی)	آل	پر	اور

اور آپ کی آل پر رحمت نازل فرمائی ہے بیشک تو تعریف کیا گیا ہے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

مُحَمَّدٍ	اٰلِ	عَلٰٓی	وَّ	مُحَمَّدٍ	عَلٰٓی	بَارِكْ	اَللّٰهُمَّ
محمد	آل	پر	اور	محمد	پر	برکت نازل فرما تو	اے اللہ

اے اللہ! برکت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِبْرَاهِيْمَ	اٰلِ	عَلٰٓی	وَ	اِبْرَاهِيْمَ	عَلٰٓی	بَارَكْتَ	كَمَا
ابراہیم	آل	پر	اور	ابراہیم	پر	برکت نازل فرمائی تو نے	جیسے کہ

پر جیساکہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آپ کی آل پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

مَّجِيْدٌ	حَمِيْدٌ	كَ	اِنَّ
بزرگی والا ہے	تعریف کیا گیا	تو	بیشک

برکت نازل فرمائی ہے بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

دُعا رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ

وَ	الصَّلٰوةِ	مُقِيْمَ	نِیْ	اجْعَلْ	رَبِّ
اور	نماز	قائم کرنے والا	مجھے	بنادے تو	اے رب میرے

اے میرے پروردگار مجھ کو نماز کا پابند بنا دے اور

مِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا

مِنْ	ذُرِّيَّتِ	يْ	رَبَّ	نَا	وَ	تَقَبَّلْ	دُعَآءِ	رَبَّ	نَا
سے	اولاد	میری	اے رب	ہمارے	اور	قبول فرما تو	دعا میری	(اے) رب	ہمارے

میری اولاد کو بھی اے پروردگار ہمارے میری دُعا قبول کر اے پروردگار

اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ

اغْفِرْ	لِيْ	وَ	لِ	وَالِدَيَّ	وَ	لِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	يَوْمَ
بخشدے تو	مجھے	اور	کو	میرے والدین	اور	کو	تمام ایمان والوں	(جس) دن

مجھ کو اور ماں باپ کو اور سارے مسلمانوں کو بخش دے اس دن جبکہ

يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

يَقُوْمُ	الْحِسَابُ
قائم ہوگا	حساب

(عملوں) کا حساب ہوگا

سلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ	عَلَيْ	كُمْ	وَ	رَحْمَةُ	اللّٰهِ
سلامتی ہو	پر	تم	اور	رحمت	اللہ (کی)

سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت

نماز کے بعد ذکر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰہِ
نہیں (کوئی)	معبود	مگر	اللہ	محمد	رسول (ہیں)	اللہ (کے)

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

آیۃ الکرسی

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ

اَللّٰہُ	لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	ھُوَ	اَلْحَیُّ	اَلْقَیُّوْمُ	لَا	تَاْخُذُ	ہٗ
اللہ	نہیں کوئی	لائق عبادت کے	مگر	وہ	ہمیشہ زندہ	قائم رکھنے والا	نہیں	پکڑتی	اسے

اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ آپ زندہ اور اوروں کا قائم رکھنے والا اُسے نہ

سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ

سِنَۃٌ	وَّ	لَا	نَوْمٌ	لَ	ہٗ	مَا	فِی	السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِی	الْاَرْضِ	مَنْ
اُونگھ	اور	نہ	نیند	لیے	اسی	جو	میں	آسمانوں	اور	جو	میں	زمین	کون

اُونگھ آئے نہ نیند اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں وہ کون ہے

ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا

ذَا	الَّذِیْ	یَشْفَعُ	عِنْدَ	ہٗٓ	اِلَّا	بِ	اِذْنِ	ہٖ	یَعْلَمُ	مَا	بَیْنَ	اَیْدِیْ	ھِمْ	وَمَا
وہ	جو	سفارش کرے	پاس	اُس کے	مگر	ساتھ	اجازت	اس کی	جانتا ہے وہ	جو	درمیان	ہاتھوں کے	ان کے	اور جو

جو اس کے ہاں سفارش کرے بے اس کے حکم کے جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے

خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ

خَلْفَ	هُمْ	وَ	لَا	يُحِيْطُوْنَ	بِشَيْءٍ	مِّنْ	عِلْمِ	هٖٓ	اِلَّا	بِمَا	شَآءَ	وَسِعَ
پیچھے	اُن (کے)	اور	نہیں	گھیر سکتے وہ	کسی چیز (کا)	سے	علم	(اس کے)	مگر	جتنا	وہ چاہے	سما لیا

اور جو کچھ اُن کے پیچھے اور وہ نہیں پاتے اس کے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے اس کی کرسی میں سمائے ہوئے

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

كُرْسِيُّ	هُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	لَا	يَئُوْدُ	هٗ	حِفْظُ	هُمَا	وَ	هُوَ	الْعَلِيُّ	الْعَظِيْمُ
کرسی (نے)	اس (کی)	آسمانوں	اور	زمین (کو)	اور	نہیں	بھاری	اسے	نگہبانی	ان دونوں (کی)	اور	وہ	بلند	بڑائی والا

ہیں آسمان اور زمین اور اُسے بھاری نہیں اُن کی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا

نماز کے بعد دعا

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ

اَللّٰهُمَّ	اَنْتَ	السَّلَامُ	وَ	مِنْ	كَ
اے اللہ	تو	سلامتی دینے والا ہے	اور	(طرف) سے	تیری

اے اللہ تو سلامتی والا ہے اور تجھی سے سلامتی

السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ السَّلَامُ حَيِّنَا

السَّلَامُ	وَ	اِلَيْ	كَ	يَرْجِعُ	السَّلَامُ	حَيِّ	نَا
سلامتی ہے	اور	طرف	تیری	لوٹتی ہے	سلامتی	زندہ رکھ تو	ہمیں

ہے اور تیری طرف سلامتی رجوع کرتی ہے اے ہمارے پروردگار ہم

رَبَّنَا بِالسَّلَامِ ط وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَكْتَ

رَبَّ	نَا	بِ	السَّلَامِ	وَ	اَدْخِلْ	نَا	دَارَ	السَّلَامِ	تَبَارَكْتَ
(اے) رب	ہمارے	ساتھ	سلامتی (کے)	اور	داخل کر تو	ہمیں	گھر	سلامتی	برکت والا ہے تو

کو سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ اور داخل کر تو ہم کو اپنے سلامتی

رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

رَبَّ	نَا	وَ	تَعَالَيْتَ	يَا	ذَا	الْجَلَالِ	وَ	الْاِكْرَامِ
پروردگار	ہمارے	اور	بلند ہے تو	اے	والے	بڑے مرتبے	اور	بزرگی

کے گھر اے ہمارے پروردگار تو برکت والا اور بلند ہے اے صاحب عظمت و بزرگی والے

دعائے قنوت

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ

اَللّٰهُمَّ	اِنَّا	نَسْتَعِيْنُ	كَ	وَ
اے اللہ	بیشک ہم	مدد چاہتے ہیں	تجھ (سے)	اور

اے اللہ! ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تجھ

نَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ

نَسْتَغْفِرُ	كَ	وَ	نُؤْمِنُ	بِ	كَ	وَ	نَتَوَكَّلُ	عَلَيْ	كَ
بخشش مانگتے ہیں	تجھ (سے)	اور	ایمان رکھتے ہیں ہم	ساتھ	تیرے	اور	بھروسہ کرتے ہیں ہم	پر	تجھ

سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ کرتے

وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ

وَ	نُثْنِیْ	عَلٰی	كَ	الْخَیْرَ	وَ	نَشْكُرُ	كَ	وَ	لَا	نَكْفُرُ	كَ
اور	ثنا کرتے ہیں ہم	پر	تجھ	اچھی	اور	شکر کرتے ہیں ہم	تیرا	اور	نہیں	ناشکری کرتے ہم	تیری

ہیں اور تیری اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری

وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ

وَ	نَخْلَعُ	وَ	نَتْرُكُ	مَنْ	يَّفْجُرُ	كَ	اَللّٰهُمَّ	اِيَّا	كَ
اور	الگ کرتے ہیں ہم	اور	چھوڑتے ہیں ہم	اس (کو)	جو نافرمانی کرے	تیری	اے اللہ	صرف	تیری

نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے اے اللہ

نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی

نَعْبُدُ	وَ	لَ	كَ	نُصَلِّیْ	وَ	نَسْجُدُ	وَ	اِلٰی	كَ	نَسْعٰی
ہم عبادت کرتے ہیں	اور	لیے	تیرے	نماز پڑھتے ہیں ہم	اور	سجدہ کرتے ہیں ہم	اور	طرف	تیری	دوڑتے ہیں ہم

ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تیرے لیے ہی نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے

وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی عَذَابَكَ

وَ	نَحْفِدُ	وَ	نَرْجُوْا	رَحْمَتَ	كَ	وَ	نَخْشٰی	عَذَابَ	كَ
اور	خدمت کیلئے حاضر ہوتے ہیں	اور	امید رکھتے ہیں ہم	رحمت (کی)	تیری	اور	ڈرتے ہیں ہم	عذاب (سے)	تیرے

ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور خدمت کے لیے حاضر ہوتے ہیں ہم اور

اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ

مُلْحِقٌ	اَلْكُفَّارِ	بِ	كَ	عَذَابَ	اِنَّ
ملنے والا ہے	کافروں	کو	تیرا	عذاب	تحقیق

تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرا عذاب کفار کو ملنے والا ہے

جامع دعا اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اِيْمَانًا

اِيْمَانًا	كَ	نَسْئَلُ	اِنَّا	اَللّٰهُمَّ
ایمان	تجھ سے	ہم سوال کرتے ہیں	بیشک	اے اللہ

الٰہی! ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں ایمان مستقیم کا

مُّسْتَقِيْمًا وَّفَضْلًا دَائِمًا وَّنَظَرًا رَّحْمَةً

رَّحْمَةً	نَظَرًا	وَّ	دَائِمًا	فَضْلًا	وَّ	مُّسْتَقِيْمًا
رحمت	نظر	اور	ہمیشگی کے	فضل	اور	راست

اور ہمیشگی کے فضل کا اور رحمت کی نظر کا اور

وَّعَقْلًا كَامِلًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّقَلْبًا

قَلْبًا	وَّ	نَّافِعًا	عِلْمًا	وَّ	كَامِلًا	عَقْلًا	وَّ
دل	اور	نفع دینے والے	علم	اور	کامل	عقل	اور

کامل عقل کا اور نفع دینے والے علم کا اور قلب

مُنَوَّرًا وَّتَوْفِيْقًا اِحْسَانًا وَّصَبْرًا جَمِيْلًا وَّ

وَّ	جَمِيْلًا	صَبْرًا	وَّ	اِحْسَانًا	تَوْفِيْقًا	وَّ	مُنَوَّرًا
اور	اچھے	صبر	اور	نیکی (کی)	توفیق	اور	روشن

روشن کا اور نیکی کی توفیق اور اچھے صبر کا اور بڑے

اَجْرًا عَظِيْمًا وَّلِسَانًا ذَاكِرًا وَّبَدَنًا صَابِرًا

صَابِرًا	بَدَنًا	وَّ	ذَاكِرًا	لِسَانًا	وَّ	عَظِيْمًا	اَجْرًا
صبر کرنے والے	بدن	اور	ذکر کرنے والی	زبان	اور	بڑے	ثواب

ثواب کا اور ذکر کرنے والی زبان کا اور صبر کرنے والے بدن

وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا

مَّغْفُوْرًا	ذَنْبًا	وَّ	مَّشْكُوْرًا	سَعْيًا	وَّ	وَّاسِعًا	رِزْقًا	وَّ
بخشے ہوئے	گناہ	اور	پسندیدہ	کوشش	اور	کھلے	رزق	اور

کا اور رزق کی فراخی کا اور نیک کام کی مقبولیت کا اور گناہوں

وَّعَمَلًا مَّقْبُوْلًا وَّدُعَآءً مُّسْتَجَابًا وَّلِقَآئَكَ

كَ	لِقَآءَ	وَّ	مُّسْتَجَابًا	دُعَآءً	وَّ	مَّقْبُوْلًا	عَمَلًا	وَّ
تیری	ملاقات	اور	قبول کی گئی	دعا	اور	قبول کیے ہوئے	عمل	اور

کی بخشش کا اور عمل کے قبول ہونے کا اور دعا کے قبول

نَصِیبًا وَّجَنَّۃَ فِرْدَوْسًا وَّنَعِیمًا مُّقِیمًا وَ

نَصِیبًا	وَ	جَنَّۃً	فِرْدَوْسًا	وَّ	نَعِیمًا	مُّقِیمًا	وَ
نصیب (ہونے)	اور	جنت	الفردوس	اور	نعمت (کا)	(ہمیشہ) رہنے والی	اور

کیئے جانے کا اور تیرے دیدار کے نصیب ہونے کا اور جنت الفردوس کا

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ وَنُوْرِ عَرْشِہٖ سَیِّدِنَا

صَلَّی	اللّٰہُ	عَلٰی	خَیْرِ	خَلْقِ	ہٖ	وَ	نُوْرِ	عَرْشِ	ہٖ	سَیِّدِ	نَا
رحمت نازل ہو	اللہ (کی)	پر	بہترین	مخلوق (میں سے)	اس (کی)	اور	نور	عرش (کے)	اس (کے)	سردار	ہمارے

ہمیشہ کی نعمتوں کا اور اللہ کی رحمت نازل ہو اللہ کی تمام مخلوق میں سے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

مُحَمَّدٍ	وَّ	عَلٰی	اٰلِ	ہٖ	وَ	اَھْلِ	بَیْتِ	ہٖ	وَ	اَزْوَاجِ	ہٖ	وَ	اَصْحَابِ ہٖ
محمد (پر)	اور	پر	آل	آپ (کی)	اور	والوں	گھر	آپ (کے)	اور	بیویوں	آپ (کی)	اور	صحابہ آپ (کے)

زیادہ بہتر و افضل اور اللہ کے نور ہمارے سردار آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور رحمت نازل ہو آپکی آل،

وَذُرِّیَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

وَ	ذُرِّیَّتِ	ہٖ	اَجْمَعِیْنَ	بِ	رَحْمَتِ	کَ	یَا	اَرْحَمَ	الرّٰحِمِیْنَ
اور	اولاد (پر)	آپ (کی)	تمام	سبب	رحمت (کے)	اپنی	اے	زیادہ رحم فرمانے والے	تمام رحم کرنے والوں (سے)

اہل بیت پاک، ازواج مطہرات اور اصحاب اور تمام غلاموں پر اپنی رحمت کے سبب سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے

تسبیح تراویح سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ

سُبْحَانَ	ذِی	الْمُلْکِ	وَ	الْمَلَکُوْتِ
پاک ہے	والا	مُلک	اور	بادشاہی

پاک ہے ملک اور ملکوت والا پاک

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظْمَةِ وَالْهَیْبَةِ وَ

سُبْحَانَ	ذِی	الْعِزَّةِ	وَ	الْعَظْمَةِ	وَ	الْهَیْبَةِ	وَ
پاک ہے	والا	عزت	اور	بزرگی	اور	دبدبے	اور

ہے عزت اور بزرگی و بڑائی والا اور دبدبے والا اور

الْقُدْرَةِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ

الْقُدْرَةِ	وَ	الْکِبْرِیَاءِ	وَ	الْجَبَرُوْتِ	سُبْحَانَ
قدرت	اور	بڑائی	اور	طاقت	پاک ہے

قدرت والا اور کبریائی والا اور جبروت والا جو بادشاہ ہے

الْمَلِکِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ

الْمَلِکِ	الْحَیِّ	الَّذِیْ	لَا	یَنَامُ	وَ لَا	یَمُوْتُ
بادشاہ	جو زندہ ہے	وہ جو	نہ	سوتا ہے	اور نہ	وہ مرے گا

زندہ ہے نہ اس کو اُونگھ اور نہ وہ مرے گا بہت ہی

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ

سُبُّوْحٌ	قُدُّوْسٌ	رَبُّ	نَا	وَرَبُّ	الْمَلٰٓئِكَةِ	وَ
بہت پاک	ہر نقص و عیب سے منزہ	پروردگار	ہمارا	اور پروردگار	فرشتوں	اور

پاک اور مقدس ہمارا پروردگار ہے اور پروردگار ہے فرشتوں اور

الرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

الرُّوْحِ	اَللّٰهُمَّ	اَجِرْ	نَا	مِنَ	النَّارِ	يَا	مُجِيْرُ
روح (کا)	اے اللہ	پناہ دے تو	ہمیں	سے	آگ	اے	پناہ دینے والے

روح اے اللہ ہم کو دوزخ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ

يَا	مُجِيْرُ	يَا	مُجِيْرُ
اے	پناہ دینے والے	اے	پناہ دینے والے

اے پناہ دینے والے اے پناہ دینے والے

روزہ رکھنے کی نیت

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

وَ	بِ	صَوْمِ	غَدٍ	نَوَيْتُ	مِنْ	شَهْرِ	رَمَضَانَ
اور	ساتھ	روزے	کل (اگلے)	نیت کی میں نے	سے	مہینے	رمضان

میں نے ماہ رمضان کے کل کے روزہ کی نیت کی

روزہ افطار کرنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ

اَللّٰھُمَّ	اِنَّ	یْ	لَ	کَ	صُمْتُ	وَ	بِ	کَ
اے اللہ	بیشک	میں (نے)	لیے	تیرے	روزہ رکھا میں نے	اور	ساتھ	تیرے

اے اللہ میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تجھ پر

اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

اٰمَنْتُ	وَ	عَلیْ	کَ	تَوَکَّلْتُ	وَ	عَلٰی	رِزْقِ	کَ	اَفْطَرْتُ
ایمان لایا میں	اور	پر	تجھ	بھروسہ کیا میں نے	اور	پر	رزق	تیرے	افطار کیا میں نے

ایمان لایا اور تجھ پر بھروسہ کیا اور تیرے رزق پر افطار کیا

نماز جنازہ نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُؤَدِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی

نَوَیْتُ	اَنْ	اُؤَدِّ	یَ	لِ	اللّٰہِ	تَعَالٰی
نیت کی میں نے	کہ	ادا کروں	میں	کیلئے	اللہ	بلند

میں نے نیت کی اللہ تعالٰے کے لیے چار تکبیر

اَرْبَعَ تَکْبِیْرَاتِ صَلٰوۃِ الْجَنَازَۃِ اَلثَّنَاءُ

اَرْبَعَ	تَکْبِیْرَاتِ	صَلٰوۃِ	اَلْجَنَازَۃِ	اَلثَّنَاءُ
چار	تکبیر	نماز	جنازہ	تعریف

نماز جنازہ ادا کروں تعریف اللہ تعالٰے کے لیے

لِلّٰهِ تَعَالٰی وَالصَّلٰوۃُ لِلرَّسُوْلِ وَالدُّعَاءُ لِهٰذَا

لِ	اللّٰهِ	تَعَالٰی	وَ	الصَّلٰوۃُ	لِ	الرَّسُوْلِ	وَ	الدُّعَاءُ	لِ	هٰذَا
کیلئے	اللہ	بلند	اور	درود	کیلئے	رسول	اور	دعا	کیلئے	اس

اور درود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اور دعا اس میّت

الْمَیِّتِ اِقْتَدَیْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ مُتَوَجِّهًا

الْمَیِّتِ	اِقْتَدَیْتُ	بِ	هٰذَا	الْاِمَامِ	مُتَوَجِّهًا
میّت	اقتدا کی میں نے	کی	اس	امام	منہ کرتے ہوئے

کے لیے اقتدا کی میں نے اس امام کی کعبہ شریف کی

اِلٰی جِهَةِ الْکَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ ط

اِلٰی	جِهَةِ	اَلْکَعْبَةِ	الشَّرِیْفَةِ
طرف	سمت	کعبہ	بزرگ

جانب رُخ کرتے ہوئے

پہلی تکبیر اللہ اکبر — ثناء

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ

اَللّٰهُ	اَکْبَرُ	سُبْحَانَ	كَ	اَللّٰهُمَّ	وَ	بِ	حَمْدِ	كَ
اللہ	بہت بڑا ہے	پاک ہے	تو	اے اللہ	اور	ساتھ	تعریف	تیری

اللہ بہت بڑا ہے — الٰہی تیری پاکی (کے ساتھ) اور تیری تعریف کے ساتھ

وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ

وَ	تَبَارَكَ	اسْمُ	كَ	وَ	تَعَالٰى	جَدُّ	كَ	وَ	جَلَّ
اور	برکت والا ہے	نام	تیرا	اور	بلند ہے	بزرگی	تیری	اور	بڑی شان والی ہے

تجھے یاد کرتا ہوں اور تیرا نام بابرکت ہے اور تیری تعریف بڑی

ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ

دوسری تکبیر

ثَنَاءُ	كَ	وَ	لَآ	اِلٰهَ	غَيْرُ	كَ	اَللّٰهُ	اَكْبَرُ
تعریف	تیری	اور	نہیں (کوئی)	معبود	سوا	تیرے	اللہ	بہت بڑا ہے

ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں   اللہ بہت بڑا ہے

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اَللّٰهُمَّ	صَلِّ	عَلٰى	مُحَمَّدٍ	وَّ	عَلٰٓى
اے اللہ	درود بھیج	اوپر	محمد	اور	اوپر

یاالٰہی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ

اٰلِ	مُحَمَّدٍ	كَمَا	صَلَّيْ	تَ	وَ	سَلَّمْ	تَ	وَ	بَارَكْ	تَ
آل	محمد	جس طرح	درود بھیجا	تونے	اور	سلام بھیجا	تونے	اور	برکت دی	تونے

پر رحمت بھیج جس طرح تو نے رحمت بھیجی اور سلام بھیجا اور

وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى

وَ	رَحِمْ	تَ	وَ	تَرَحَّمْ	تَ	عَلٰٓى	اِبْرَاهِيْمَ	وَ	عَلٰٓى
اور	مہربانی فرمائی	تونے	اور	رحم کیا	تونے	اوپر	ابراہیم	اور	اوپر

برکت دی اور مہربانی کی اور رحم کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اٰلِ	اِبْرَاهِيْمَ	اِنَّ	كَ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ
آلِ	ابراہیم	بیشک	تو	تعریف کیا گیا	بزرگ

حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

تیسری تکبیر اللہ اکبر

بالغ کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا

اَللّٰهُمَّ	اغْفِرْ	لِ	حَيِّ	نَا	وَ	مَيِّتِ	نَا	وَ	شَاهِدِ	نَا
اے اللہ	تو بخش دے	کو	زندہ	ہمارے	اور	مردہ	ہمارے	اور	حاضر	ہمارے

الٰہی! بخش دے ہمارے ہر زندہ کو اور ہمارے ہر متوفی کو

وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا ط

وَ	غَائِبِ	نَا	وَ	صَغِيْرِ	نَا	وَ	كَبِيْرِ	نَا	وَ	ذَكَرِ	نَا	وَ	اُنْثَا	نَا
اور	غائب	ہمارے	اور	چھوٹے	ہمارے	اور	بڑے	ہمارے	اور	مرد	ہمارے	اور	عورت	ہماری

اور ہمارے ہر حاضر و غائب کو اور چھوٹے اور بڑے کو اور ہمارے ہر مرد

اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ

اَللّٰهُمَّ	مَنْ	اَحْيَيْتَ	هٗ	مِنْ	نَا	فَ	اَحْيِ	هٖ	عَلَى	الْاِسْلَامِ
اے اللہ	وہ شخص	زندہ رکھے تو	جسے	سے	ہم (میں)	تو	زندہ رکھ تو	اسے	پر	اسلام

کو اور ہماری ہر عورت کو اے اللہ! تو ہم سے جس کو زندہ رکھے تو اس کو

وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ

وَ	مَنْ	تَوَفَّيْتَ	هٗ	مِنْ	نَا	فَ	تَوَفَّ	هٗ	عَلَى	الْاِيْمَانِ
اور	وہ شخص	موت دے تو	جسے	سے	ہم (میں)	تو	موت دے	اسے	پر	ایمان

اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جس کو موت دے تو اس کو ایمان پر موت دے

چوتھی تکبیر اللہ اکبر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

اَللّٰهُ	اَكْبَرُ	اَلسَّلَامُ	عَلَيْ	كُمْ	وَ	رَحْمَةُ	اللّٰهِ
اللہ	بہت بڑا ہے	سلامتی ہو	پر	تم	اور	رحمت ہو	اللہ کی

اللہ بہت بڑا ہے سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت

نابالغ لڑکے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ

اَللّٰهُمَّ	اجْعَلْ	هُ	لَ	نَا	فَرَطًا	وَّ	اجْعَلْ	هُ
اے اللہ	کر تو	اس (کو)	لیے	ہمارے	پیش رو	اور	کر تو	اس (کو)

الٰہی! اس لڑکے کو ہمارے لیے آگے بھیج کر سامان کرنیوالا

لَنَآ اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا

لَ	نَا	اَجْرًا	وَّ	ذُخْرًا	وَّ	اجْعَلْ	هُ	لَ	نَا	شَافِعًا	وَّ	مُشَفَّعًا
لیے	ہمارے	اجر	اور	ذخیرہ	اور	کر تو	اس کو	لیے	ہمارے	سفارش کرنیوالا	اور	سفارش قبول کیا ہوا

بنادے اور اس کو ہمارے لیے اجر کا موجب اور وقت پر کام آنیوالا بنادے اور مقبول الشفاعت کر دے

نابالغ لڑکی کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا

اَللّٰهُمَّ	اجْعَلْ	هَا	لَ	نَا	فَرَطًا	وَّ	اجْعَلْ	هَا
اے اللہ	کر تو	اس کو	لیے	ہمارے	پیش رو	اور	کر تو	اس کو

الٰہی! اس لڑکی کو ہمارے لیے آگے بھیج کر سامان کرنیوالی بنادے اور

لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً

لَ	نَا	اَجْرًا	وَّ	ذُخْرًا	وَّ	اجْعَلْ	هَا	لَ	نَا	شَافِعَةً	وَّ	مُشَفَّعَةً
لیے	ہمارے	اجر	اور	ذخیرہ	اور	کر تو	اس کو	لیے	ہمارے	سفارش کرنیوالی	اور	سفارش قبول کی ہوئی

اس کو ہمارے لیے اجر کی موجب اور وقت پر کام آنیوالی بنادے اور اسکو ہمارے لیے سفارش کرنیوالی اور مقبول الشفاعت کردے

تحیۃ الوضو و تحیۃ المسجد

غیر وقتِ کراہت میں دو رکعت نماز تحیۃ الوضو دو رکعت نماز تحیۃ المسجد پڑھیں۔

نمازِ تہجد

عشاء کی نماز کے بعد رات کو سو کر اُٹھنے کے بعد جو نماز پڑھی جاتی ہے اُسے تہجد کہتے ہیں۔ اس نماز کی بڑی فضیلت ہے۔ اس کی کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں۔

نمازِ اشراق

اس نماز کی بڑی فضیلت ہے۔ اس کے پڑھنے والے کو پورے حج وعمرہ کا ثواب ملتا ہے۔ صرف دو (چار یا) رکعتیں ہیں کہ نماز فجر جماعت کے ساتھ پڑھنے کے بعد بیٹھا ذکر الٰہی کرتا رہے جب آفتاب بلند ہو جائے تو پڑھے۔

نمازِ چاشت

اس نماز کی بہت ہی زیادہ فضیلت ہے۔ ہمیشہ پڑھنے والے کے سب گناہ بخشے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں اور اس کے واسطے جنت میں سونے کا محل ہوگا۔ اس نماز کی کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں۔ اس کا وقت آفتاب بلند ہونے سے زوال تک ہے۔

نمازِ اوّابین

نماز اوابین نماز مغرب کے فوراً بعد ادا کی جاتی ہے۔ اس کے بے شمار فضائل ہیں۔ ● حضرت سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ سرکار مدینہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو کوئی مغرب کے بعد چھ رکعتیں پڑھے اُس کے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ برابر ہوں۔ (طبرانی)

● حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص مغرب کی نماز کے بعد چھ رکعتیں پڑھے اور ان کے درمیان کوئی بُری بات نہ کہے تو وہ چھ رکعتیں بارہ برس کی عبادت کے برابر شمار کی جائیں گی۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

صلوٰۃ التسبیح

اس نماز کا بے انتہا اجر و ثواب ہے اور اس کی چار رکعتیں ہیں۔ مکروہ وقت کے علاوہ جب چاہے پڑھ سکتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ ظہر سے پہلے پڑھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تکبیر تحریمہ کے بعد ثناء پڑھے۔ ثناء کے بعد پندرہ بار کلمہ پڑھے۔ "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ"۔ پھر تعوذ اور تسمیہ اور فاتحہ اور سورۃ پڑھ کر دس بار یہی کلمہ پڑھے پھر رکوع میں جاکر رکوع کی تسبیح کے بعد دس بار پھر یہی کلمہ پڑھے۔ پھر رکوع سے اُٹھ کر تسمیع و تحمید کے بعد دس بار یہی کلمہ پڑھے پھر سجدے میں جاکر سجدے کی تسبیح کے بعد دس بار پھر سجدے سے اُٹھ کر جلسہ میں دس بار پھر دوسرے سجدے میں تسبیح کے بعد دس بار پھر دوسری رکعت میں فاتحہ سے پہلے پندرہ بار اور پھر اسی ترتیب سے چار رکعتیں ہر رکعت میں ۷۵ بار اور چاروں رکعتوں میں ۳۰۰ بار کلمہ پڑھا جائے گا۔

نمازِ استخارہ

استخارہ کا مطلب اللہ سے بھلائی طلب کرنا ہے یعنی جب کسی کام کا قصد کرے تو اس کے کرنے سے پہلے استخارہ کرے۔ استخارہ کرنے والا گویا اللہ کی بارگاہ میں التجا کرتا ہے کہ اے علام الغیوب مجھے اشارہ فرما دے کہ یہ کام میرے حق میں بہتر ہے یا نہیں۔

طریقہ پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ کافرون اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے۔ اس طرح نماز مکمل پڑھ کر پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ

اَللّٰهُمَّ	اِنَّ	یْ	اَسْتَخِيْرُ	كَ	بِ	عِلْمِ	كَ	وَ	اَسْتَقْدِرُ	كَ
اے اللہ	بیشک	میں	خیر طلب کرتا ہوں	تجھ (سے)	ساتھ	علم	تیرے	اور	طلب قدرت کرتا ہوں میں	تجھ (سے)

اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعہ تجھ سے خیر مانگتا ہوں اور

بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ

بِ	قُدْرَةِ	كَ	وَ	اَسْئَلُ	كَ	مِنْ	فَضْلِ	كَ	الْعَظِيْمِ
ذریعے	قدرت	تیری	اور	مانگتا ہوں میں	تجھ (سے)	سے	فضل	تیرے	بہت بڑے

تیری قدرت کے ذریعہ تجھ سے قدرت طلب کرتا ہوں اور تیرے بڑے فضل

فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ

فَ	اِنَّ	كَ	تَقْدِرُ	وَ	لَآ	اَقْدِرُ	وَ	تَعْلَمُ	وَ	لَآ	اَعْلَمُ
پس	بے شک	تو	قدرت رکھتا ہے	اور	نہیں	قدرت رکھتا میں	اور	تو جانتا ہے	اور	نہیں	جانتا میں

کا تجھ سے سوال کرتا ہوں کیونکہ بلاشبہ تجھے قدرت ہے مجھے قدرت

وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

وَ	اَنْتَ	عَلَّامُ	الْغُيُوْبِ	اَللّٰهُمَّ	اِنْ	كُنْتَ
اور	تو	خوب جانتا ہے	چھپی باتیں	اے اللہ	اگر	ہے تو

نہیں اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو خوب جانتا ہے اے اللہ

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

تَعْلَمُ	اَنَّ	هٰذَا	الْاَمْرَ	خَيْرٌ	لِ	يْ	فِيْ	دِيْنِ	يْ
جانتا	بیشک	یہ	کام	بہتر ہے	لیے	میرے	میں	دین	میرے

اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میری دنیا و آخرت میں بہتر ہے تو

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَ

وَ	مَعَاشِ	يْ	وَ	عَاقِبَةِ	اَمْرِ	يْ	فَ	اقْدُرْ	هُ	لِ	يْ	وَ
اور	زندگی	میری	اور	انجام	کار	میرے	تو	مقدر کردے تو	اسے	لیے	میرے	اور

اس کو میرے لیے مقدر فرما اور آسان فرما پھر اس کام

يَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

يَسِّرْ	هُ	لِ	يْ	ثُمَّ	بَارِكْ	لِ	يْ	فِيْ	هِ	اَللّٰهُمَّ	اِنْ	كُنْتَ
آسان کر تو	اسے	لیے	میرے	پھر	برکت دے تو	لیے	میرے	میں	اس	اے اللہ	اگر	تو

میں برکت دے اے اللہ اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میری

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ

تَعْلَمُ	اَنَّ	هٰذَا	الْاَمْرَ	شَرٌّ	لِ	یْ	فِیْ	دِیْنِ	یْ	وَ	مَعَاشِ	یْ
جانتا ہے	بیشک	یہ	کام	بُرا ہے	لیے	میرے	میں	دین	میرے	اور	زندگی	میری

دنیا اور آخرت میں شر اور بُرا ہے اور تو اس کو مجھ

وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ

وَ	عَاقِبَةِ	اَمْرِ	یْ	فَ	اصْرِفْ	هُ	عَنّ	یْ	وَ	اصْرِفْ	نِیْ	عَنْ	هُ
اور	انجام	کار	میرے	تو	پھیر دے تو	اُسے	سے	مجھ	اور	پھیر دے تو	مجھے	سے	اُس

سے اور مجھ کو اس سے دور فرما اور میرے لیے خیر مقدر

وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ

وَ	اقْدُرْ	لِ	یَ	الْخَیْرَ	حَیْثُ	کَانَ	ثُمَّ	اَرْضِ	نِیْ	بِ	هٖ
اور	مقدر کر تو	لیے	میرے	بہتری	جہاں	ہو وہ	پھر	راضی کر دے تو	مجھے	ساتھ	اُس کے

فرما جہاں کہیں بھی ہو پھر مجھے اس پر راضی فرما دے

وظیفہ شب قدر

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم اگر مجھے شب قدر کا پتہ چل جائے تو میں اس میں کیا پڑھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ پڑھا کرو۔

"اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ۔ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ"

(شب قدر میں یہ وظیفہ بکثرت پڑھیں)